# بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن، کراچی

سیکنڈری اسکول سرٹیفیکیٹ ایگزامینیشن سالانہ ۲۰۲۳ء

## نیو ماڈل پیپر

وقت: ۳ گھنٹے — **اُردو ادب (اختیاری) پرچہ اول** — کل نشانات: ۷۵

جماعت ''نہم'' جنرل گروپ

ریگولر و پرائیویٹ امیدواروں کے لیے

### حصّہ '' الف ''(لازمی)(کثیر الانتخابی سوالات) 20%

سوال نمبر ا۔ ۱۵ کثیر الانتخابی سوالات تمام سلیبس سے دیے جائیں گے۔ ہر سوال کا ایک (01) نمبر ہے۔ **(نشانات ۱۵)**

### حصّہ ''ب'' (مختصر جواب کے سوالات) 40% **(نشانات ۳۰)**

۲۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی تین سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: (۹)

(i) دنیا میں امن و امان اور عافیت زبان کے ذریعے کس طرح قائم رہ سکتی ہے؟

(ii) ترکی افسر نے سلطان صلاح الدین کی تعریف کن الفاظ میں کی؟

(iii) پطرس بخاری مزاح نگاری میں کس لحاظ سے ایک منفرد حیثیت رکھتے ہیں؟

(iv) رسوم و عادات کے رواج پذیر ہونے کے بنیادی اسباب کیا ہیں؟

(v) آخری زمانے میں سیّد انشاء کی کیا حالت ہو گئی تھی؟

۳۔ مصنف کے حوالے کے ساتھ سبق ''فسانۂ مبتلا'' کا مرکزی خیال ---یا---

سبق ''رسم و رواج'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (۶)

۴۔ شاعر کے حوالے کے ساتھ نظم ''فاطمہ بنت عبداللہ'' کا مرکزی خیال ---یا--- نظم ''برسات کی پھسلن''

کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (۶)

۵۔(الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی چار الفاظ کے واحد یا جمع لکھیے۔ (۴)

خبر۔ سلاطین۔ ادب۔ وظیفہ۔ حقائق۔ اسماء

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ و محاورات میں سے کسی پانچ کے جملے بنایئے: (۵)

بے ہنگم۔ بے ساختہ۔ معاشرہ۔ رنگ بدلنا۔ معذرت ۔ علالت۔ ہٹا کٹا

## حصّہ ج (بیانیہ جواب کے سوالات) 40% نشانات: ۳۰

۶۔ مندرجہ ذیل میں سے چار جملوں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام تحریر کیجیے۔ (۸)

(i) ہر ایک کے گھر میں دن عید اور رات شب برأت تھی۔

(ii) آپ نے اپنا خون جلا کر کون سا تیر مار لیا۔

(iii) میں اینٹ سے اینٹ بجا دوں گا قلعے کو کھنڈر بنا دوں گا۔

(iv) اگر تیرا قول صادق ہے تو شہد فائق ہے ورنہ تھوک دینے کے لائق ہے۔

(v) یہ بوڑھا آدمی اسم با مسمیٰ مبتلا کو بہت سمجھاتا رہتا ہے۔

(vi) میرا نام لیوا اور پانی دیوا کوئی نہیں۔

۷۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا حوالہ بھی دیجیے۔ (۶)

| | | |
|---|---|---|
| (i) | بستے ہیں ترے سائے میں سب شیخ و برہمن | آباد ہے تجھ سے ہی تو گھر دیر و حرم کا |
| (ii) | نہ ہو کس طرح فکرِ انجام کار | بھروسا ہے جس پر سو مغرور ہے |
| (iii) | بڑے موذی کو مارا نفسِ امّارہ کو گر مارا | نہنگ و اژدھا و شیر نر مارا تو کیا مارا |
| (iv) | چاروں طرف سے صورت جاناں ہو جلوہ گر | دل صاف ہو ترا تو ہے آئینہ خانہ کیا |
| (v) | رنج سے خو گر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج | مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں |

۸۔ اردو نثر نگاری۔۔یا۔اردو شاعری میں سے کسی ایک کا مختصر جائزہ تحریر کیجیے۔ (۶)

۹۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر کم از کم ڈیڑھ صفحات پر مشتمل مضمون تحریر کیجیے۔ (۱۰)

(i) پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ

(ii) میری زندگی کا ایک یادگار سفر

(iii) قلم میں تلوار سے زیادہ طاقت ہے

----------------

**نوٹ! جماعت دہم جنرل گروپ، اردو ادب (اختیاری) کا پرچہ اسی طرز پر مشتمل ہو گا یعنی**

**(حصہ الف) ۲۰ فیصد ۱۵ نمبر کے کثیر الانتخابی سوالات۔**

**(حصہ ب) ۴۰ فیصد یعنی ۳۰ نمبر کے مختصر جواب کے سوالات۔**

**(حصہ ج) ۴۰ فیصد یعنی ۳۰ نمبر کے بیانیہ سوالات پر مشتمل ہو گا۔**

**جب کہ پرچہ دہم جماعت کے نصاب کے مطابق ہی ترتیب دیا جائے گا۔**